حیسکو پریس ریلیز مورخہ :09.11.20201

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوری کی روک تھام کیلئے بجلی کے میٹروں کی سیکیو رنگ کی جا رہی ہے۔اور بجلی چوروں اور نا دہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔آپریشن سب ڈویژنوں، شہید امید علی، ہیر آباد میرپور خاص اور ڈگری میں 300 میٹر سیکیور کیئے گئے اور DCO کی ٹیموں کی کارروائیوں میں چیکنگ کے دوران بجلی چوروں کے 169 کنکشن منقطع کر دیئے، نادہندگان کے 86 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کر دیئے گئے ہیں۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد (        ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوری کی روک تھام کیلئے کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں سپرنٹینڈنگ انجنیئر آپریشن سرکل حیدرآباد نثار احمد میمن کی سربراہی میں آپریشن سب ڈویژن شہید امید علی کے علاقوں مین آٹو بھان روڈ، لطیف آباد نمبر 3 اور بریز فش پوائنٹ ایریا میں بجلی کے میٹروں کی سیکیو رنگ کرتے ہوئے 86 میٹروں کی سیکیو رنگ کی گئی، اس کے علاوہ چیکنگ کے دوران 35 غیر قانونی کنڈہ کنکشن بھی موقع پر منقطع کر دیئے گئے ہیں، آپریشن سب ڈویژن ہیر آباد میرپور خاص میں چیکنگ کے دوران گلشن حیدر، اور سٹی میرپور خاص کے علاقوں میں سے 65 غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کر لی گئی ہیں اور 120 بجلی کے کنکشنوں کی سیکیو رنگ کی گئی۔مزید برآں آپریشن سب ڈویژن ڈگری میں بجلی چوری کے خاتمے کیلئے میٹر سیکیو رنگ کرتے ہوئے میر مسجد اور دمبالو ٹاؤن کے علاقوں میں 94 بجلی کے میٹروں کی سیکیو رنگ کی گئی اور DCO ڈگری کی ٹیم نے چیکنگ کے دوران 69 کنڈہ کنکشن منقطع کر کے بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرا دیئے ہیں۔مجموعی طور پر نادہندگان کے واجبات جمع نہ کروانے پر 86 بجلی کنکشن منقطع کر دیئے گئے ہیں۔واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں، واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔آپ کے تعاون کا متمنی۔حیسکو



حیدرآباد: حیسکو چیف عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر بجلی چوری کی روک تھام کیلئے بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کا کام جاری ہے